حرا ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ اطلاع غیر معمولی اجلاس عام

حرا ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ارکان کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا غیر معمولی اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع -19 ایبک بلاک نیو گارڈن ٹاون، لاہور پر بروز ہفتہ 05 اپریل 2025 صبح 09:30 بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

عام امور:

1 کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1)159 کے تحت بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کو 01 اپریل 2025 سے شروع ہونے والے تین (3) سال کی مدت کے لئے منتخب کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں جو دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔

1۔ جناب ڈاکٹر اظہر وحید　2۔ جناب محمد طارق　3۔ جناب محمد اویس قرنی چوہدری۔　4۔ جناب محمد حسیب اویس

5۔ جناب محمد حسنین سعید سوہبن　6۔ محترمہ زینب ملک (خاتون/ آزاد ڈائریکٹر)

کوئی دیگر امور:

2۔ صاحبِ صدر کی اجازت سے کوئی دیگر امور سرانجام دینا۔

لاہور: مورخہ 15 مارچ 2025ء

بحکم بورڈ

(محمد حسنین سعید سوہبن)

کمپنی سیکرٹری

نوٹس:

1۔ حصص منتقلی کتابوں کی بندش: ممبران کا رجسٹر 25 مارچ 2025 تا 05 اپریل 2025 (بشمول ہر دو ایام) بند رہے گا۔ 24 مارچ 2025 کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے آزاد شیئر رجسٹرار، میسرز ویژن کنسلٹنٹ 5-C سیکنڈ فلور ایل ڈی اے فلیٹس لارنس روڈ، لاہور کو موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی کے لئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت: سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

a۔ سی ڈی سی کے واحد فرد بینیفشل مالک کو اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ کا آئی ڈی نمبر لازماً لانا چاہیے اور کارپوریٹ ممبران کے نمائندہ کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد اور/ یا پاور آف اٹارنی معہ نامزد شخص کے نمونہ دستخط لانا لازماً ہوں گے۔

زوم کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل muhammadh.sohbin@gmail.com پر ای میل بھیج کر اپنا اندراج کروائیں اور مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کریں:

| نام | CNIC نمبر | فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو کمپنی کی جانب سے مذکورہ ای میل ایڈریس پر ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ اِن کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی مکمل ہونے تک کھلی رہے گی۔ ممبران لاگ اِن کر سکیں گے اور اپنی ڈیوائسز کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکیں گے۔

(b)۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب: کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز عہدہ کی مدت 31 مارچ 2025ء کو ختم ہو جائے گی۔ ایکٹ کی دفعہ (1)159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 01 اپریل، 2025 سے شروع ہونے والی تین (3) سال کی مدت کے لئے اس عہدہ پر فائز رہنے اور EOGM میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (07) مقرر کی ہے۔

آزاد ڈائریکٹروں کا انتخاب ایکٹ کی دفعات، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کی دفعات کے مطابق کیا جائے گا۔

اس کے مطابق، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 7 اے کی دفعات کی تعمیل میں، ڈائریکٹرز کا انتخاب درج ذیل کیٹگریز میں منعقد کیا جائے گا:

| ڈائریکٹر کی کیٹگری | نشستوں کی تعداد |
|---|---|
| خاتون ڈائریکٹر | 1 |
| آزاد ڈائریکٹر | 2 |
| دیگر ڈائریکٹر | 4 |

کوئی بھی شخص، جو ڈائریکٹرز کے عہدے کا انتخاب لڑنا چاہتا ہے، چاہے وہ ریٹائر ہو یا بصورت دیگر کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع -ایبک بلاک نیو گارڈن ٹاون، -ایبک بلاک نیو گارڈن ٹاون، لاہور میں، مندرجہ ذیل دستاویزات اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل جمع کرائے گا:

(a) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)159 کے تحت کسی ایک کیٹگری کے انتخاب اور ارادے کا نوٹس جس میں وہ خود کو ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لئے پیش کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

کوئی بھی رکن اپنا نوٹس جمع کرواتے وقت مندرجہ بالا کیٹگری میں سے کسی ایک کا انتخاب کرے گا اور اپنے نوٹس میں اس بات کا واضح طور پر ذکر کرے گا کہ وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کی کس کیٹگری کے لئے انتخاب لڑنا چاہتا ہے۔

(b) کمپنیز ریگولیشنز، 2024 اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (1)167 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے کی رضامندی (فارم-9 کا ضمیمہ)؛

(c) ایس ای سی پی کے SRO 1196(1)/2019 بتاریخ 3 اکتوبر 2019 کے تحت درکار دفتر کے پتہ کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل؛

(d) اس کا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹرا کاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ اکاؤنٹ نمبر/ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کے لئے اپنی رضامندی داخل کرتے وقت اسے کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے۔

(e) مؤثر CNIC اور NTN کی تصدیق شدہ کاپی۔

(f) دیگر ڈائریکٹرشپ کی تفصیلات۔

(c) ایس ای سی پی کے SRO 1196(1)/2019 بتاریخ 3 اکتوبر 2019 کے تحت درکار دفتر کے پتہ کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل؛

(d) اس کا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹرا کاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ اکاؤنٹ نمبر/ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔ڈائریکٹر کا انتخاب لڑنے کے لئے اپنی رضامندی داخل کرتے وقت اسے کمپنی کا رکن ہونا ضروری ہے۔

(e) مؤثر CNIC اور NTN کی تصدیق شدہ کاپی۔

(f) دیگر ڈائریکٹرشپ کی تفصیلات۔

(g) اسٹامپ پیپر پر ایک اعلامیہ جس سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہو کہ:

i وہ اس کمپنی سمیت سات (7) سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر کی حیثیت سے خدمات سرانجام نہیں دے رہا ہے۔

ii اس کا نام قومی ٹیکس دہندگان کے رجسٹر میں درج ہے۔

iii وہ کسی بھی قابل اطلاق قوانین اور ضوابط (بشمول پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز) کے تحت کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کا نااہل نہیں ہے۔

iv وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت کمپنی کے ڈائریکٹر/آزاد ڈائریکٹر کے طور پر منتخب ہونے کے لئے اپنے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

v وہ بروکریج کے کاروبار میں ملوث نہیں ہے، یا ایسے شخص کا/کی شریک حیات نہیں ہے یا کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا اسپانسر، ڈائریکٹر یا افسر نہیں ہے۔

vi وہ کسی بینکنگ کمپنی، ڈی ایف آئی یا این بی ایف آئی کو قرض کی ادائیگی میں مجاز دائرہ اختیار کی کسی بھی عدالت کی طرف سے نادہندہ کے طور پر مجرم نہیں ہے اور میں اسٹاک ایکسچینج کا رکن نہیں ہے۔

(h) آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب ایکٹ کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور وہ ایکٹ کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹر کا طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 میں درج ذیل شرائط کو پورہ کریں گے، اس کے مطابق درج ذیل اضافی دستاویزات ان امیدواروں کی طرف سے جمع کرائی جائیں گی جو ڈائریکٹروں کے انتخاب میں حصہ لینے کا ارادہ رکھتے ہیں:

سیکشن 159(4) کے مطابق اُمیدوار ڈائریکٹروں کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن پہلے جاری ہوگی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

c پراکسی کی تقرری: اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل رکن اپنی بجائے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔مؤثر ہونے کے لئے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پراکسی وصول ہونا ضروری ہے۔

(d) ویڈیو کانفرنس کی سہولت کی درخواست: ممبران (شہروں کے نام جہاں پر ارکان کی جغرافیائی تقسیم کو مدنظر رکھتے ہوئے سہولت فراہم کی جاسکتی ہے) ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اس سلسلے میں برائے مہربانی مندرجہ ذیل کو پُر کریں اور عام اجلاس کے انعقاد سے پہلے دس (10) دن کے اندر کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کروائیں۔

میں/ہم ______________ ساکن ____________________ بحیثیت رکن حرا ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ مالک ______________ عام حصص بمطابق رجسٹرڈ

فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______________ بذریعہ ہذا ____________________ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

اراکین کے دستخط ______________

e ایڈریس کی تبدیلی: شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر پتہ تبدیل ہو تو فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

f) مؤثر CNICs کی کاپیاں جمع کرانا: شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد ہمارے شیئر رجسٹرار کے پتہ پر کمپنی کا نام اور فولیو نمبر مذکورہ کے ساتھ اپنے مؤثر CNIC کی کاپی جمع کرائیں۔

(9)۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ای ووٹنگ اور ووٹنگ کا طریقہ کار: کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن، 2018 کے مطابق اگر خود کو منتخب ہونے کی پیش کش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(1) اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن، 2018، ریگولیشن 7A، کے تحت ہر کیٹگری میں مقرر ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے تو الیکٹرانک ووٹنگ گورننس کے ذریعے ووٹ دینے کا حق) ریگولیشنز، 2019 کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ای میل کے ذریعے کمپنی کے ان ممبروں کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے مؤثر CNIC نمبر، سیل نمبر اور ای میل پتے مقررہ وقت کے اندر کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہیں۔

ای ووٹنگ لائنیں 28 مارچ 2025 صبح 9:00 بجے شروع ہوں گی اور 04 اپریل 2025 کو شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ایک بار جب کسی ممبر کی طرف سے ووٹ کاسٹ کر دیا جاتا ہے تو، اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

رکن متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا انتخاب کر سکتے ہیں جو انہیں ترسیل کیا جائے گا۔پوسٹل بیلٹ پیپر www.hiratex.com.pk پر کمپنی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کے لئے بھی دستیاب ہوگا۔

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی کے ساتھ باقاعدہ پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں ڈاک کے ذریعے چیئرمین کو 19-ایک بلاک نیو گارڈن ٹاون، لاہور پر 04 اپریل 2025 شام 05:00 بجے تک پہنچ جائیں۔

اس وقت/تاریخ کے بعد موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لئے زیرِ غور نہیں لایا جائے گا۔بیلٹ پیپر پر دستخط شناختی کارڈ پر دستخط سے متماثل ہوں گے۔

ایک بار جب کسی رکن/پراکسی ہولڈر کی طرف سے ووٹ کاسٹ کر دیا جاتا ہے تو، اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

یاد رکھیں ... ووٹنگ میں کسی بھی تنازعہ کی صورت میں بشمول ایک ... سے زیادہ ووٹ کاسٹ کرنے کی صورت میں، چیئرمین ... کا فیصلہ حتمی ہوگا

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کے عہدے کی مدت 31 مارچ 2025 کو ختم ہوگی کمپنیز ایکٹ، 2017 ("ایکٹ") کی دفعہ (1)159 کے مطابق، ڈائریکٹرز نے تین سال کی مدت کے لئے غیر معمولی اجلاس عام میں منتخب ہونے والے منتخب ڈائریکٹروں کی تعداد سات (7) مقرر کی ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب کے عمل کے ذریعے آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب کیا جائے گا اور وہ ایکٹ کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز 2018 میں طے شدہ معیار پر پورا اتریں گے، اس کے مطابق آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو مندرجہ ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی۔

a) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹر کا اعلان، اور

(b) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر یہ حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 4 کے ذیلی ریگولیشنز (1) کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔

موجودہ ڈائریکٹرز اس حد تک دلچسپی رکھتے ہیں کہ وہ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔